اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کے بارے میں

اس کتاب "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" (نرسری) میں بنیادی طور پر دو حصے ہیں، پہلا حصہ تجوید سے متعلق ہے جبکہ دوسرا حصہ اسلامیات پر مشتمل ہے۔ سبق نمبر : ۱ سے سبق نمبر : ۱۲ تک تمام حروف تہجی موجود ہیں، جس میں ہر سبق میں صرف دو حروف (مکمل شکل میں) سکھائے گئے ہیں۔ کم عمر بچوں کی نفسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان حروف کو مختلف شکلوں، کہانیوں اور جدید تدریسی تکنیک جیسے ٹی پی آئی (TPI: Total Physical Interaction) وغیرہ کی مدد سے سکھانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ سبق نمبر : ۱۲ میں تمام حروف تہجی صوتی ترتیب پر اور مروجہ ترتیب پر ایک ساتھ دیے گئے ہیں۔

سبق نمبر : ۱۳ سے سبق نمبر : ۲۰ میں نرسری کلاس کے طلبہ کے لیے "اسلامیات" یعنی ضروری اور بنیادی اسلامی تعلیمات موجود ہیں۔ ان میں سے ہر سبق میں مندرجہ ذیل عناوین ہیں :

۱ عقائد — اس کے تحت توحید و رسالت، فرشتے، جنت وجہنم، آخرت، ثواب وعقاب جیسے مضامین پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

۲ دعا — روزانہ پڑھی جانے والی دعاؤں میں سے منتخب کردہ چھوٹی چھوٹی اور آسان دعائیں اس کے ضمن میں پیش کی گئی ہیں۔ بہتر ہوگا کہ استاذ اپنے طلبہ کی صلاحیت کو محسوس کرتے ہوئے ان دعاؤں کو زبانی یاد کروانے کی کوشش کرے۔

۳ اخلاق — اس عنوان کے ضمن میں سونے جاگنے، صفائی ستھرائی، کھانے پینے کے آداب بیان کیے گئے ہیں۔

۴ سیرت — کم عمر طلبہ میں ابتداء ہی سے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی محبت اور عظمت پیدا کرنے کی نیت سے آپ ﷺ کی زندگی کو مختصر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

۵ قرآن — اس کے تحت قرآن مجید کی منتخب سورتیں جیسے: سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور سورۂ کوثر دی گئی ہیں۔ چونکہ ابھی طلبہ کم عمر ہوتے ہیں اس لیے کوشش تو یہی کی جائے کہ یہ سورتیں انہیں زبانی یاد ہو جائیں، یا کم از کم انہیں صحیح انداز میں اور تجوید کے ساتھ ان سورتوں کو پڑھنے کی مشق ضرور کروائی جائے، تاکہ اگلے سالوں میں انہیں ان سورتوں کا اعادہ کرتے وقت زیادہ دقت پیش نہ آئے۔

اس کتاب میں سالانہ پلان اور لیسن پلان کا ایک نمونہ بھی موجود ہے، نیز اس کورس کو پڑھانے کے لیے اساتذہ کے لیے ایک رہنما کتابچہ (ٹیچر گائڈ) ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے، مزید تفصیل کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.understandquran.com

اس کورس کے نفاذ کی تفصیلات

1 اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے کم از کم ہفتہ بھر میں سے تین تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2 انڈر اسٹینڈ القرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر اگر یہ کورس پڑھائے تو بہتر ہے۔
3 یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جا سکتا ہے۔
4 یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5 مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com
6 یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (۳ پیریڈ/ہر ہفتہ) مخصوص کیے جائیں۔ یہاں سالانہ شیڈول کا نمونہ دیا جا رہا ہے:

ہفتہ (۳ پیریڈ)	کام	ریمارکس
ہفتہ: 1	سبق:۱	
ہفتہ: 2	اسلامیات	
ہفتہ: 3	سبق:۲	
ہفتہ: 4	اسلامیات	
ہفتہ: 5	سبق:۳	
ہفتہ: 6	اسلامیات	
ہفتہ: 7	اعادہ، مشق	
ہفتہ: 8	سبق:۴	
ہفتہ: 9	اسلامیات	
ہفتہ: 10	سبق:۵	
ہفتہ: 11	اسلامیات	
ہفتہ: 12		
ہفتہ: 13		
ہفتہ: 14		
ہفتہ: 15		

ہفتہ (۳ پیریڈ)	کام	ریمارکس
ہفتہ: 16		
ہفتہ: 17		
ہفتہ: 18		
ہفتہ: 19		
ہفتہ: 20		
ہفتہ: 21		
ہفتہ: 22		
ہفتہ: 23		
ہفتہ: 24		
ہفتہ: 25		
ہفتہ: 26		
ہفتہ: 27		
ہفتہ: 28		
ہفتہ: 29		
ہفتہ: 30		